تحقیقاتِ نادرہ پر مشتمل عظیم الشان فقہی انسائیکلوپیڈیا

ALAHAZRAT NETWORK
اعلحضرت نیٹ ورک
www.alahazratnetwork.org

العطایا النبویۃ فی الفتاوی الرضویۃ

فتاوٰی رضویہ

تصنیف لطیف: اعلیٰ حضرت مجدد امام احمد رضا

ALAHAZRAT NETWORK

www.alahazratnetwork.org

من یرد اللہ بہ خیرا یفقہہ فی الدین

العطایا النبویۃ
فی
الفتاوی الرضویۃ

مع تخریج و ترجمہ عربی عبارات

جلد پنجم

تحقیقاتِ نادرہ پر مشتمل چودھویں صدی کا عظیم الشان
فقہی انسائیکلوپیڈیا

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ العزیز
١٢٧٢ھ ——— ١٣٤٠ھ
١٨٥٦ء ——— ١٩٢١ء

رضا فاؤنڈیشن ۔ جامعہ نظامیہ رضویہ
اندرون لوہاری دروازہ لاہور۔۸ پاکستان (٥٤٠٠٠)
فون نمبر ٧٦٥٧٣١٤

1

کتاب	ــــــــ	فتاوٰی رضویہ جلد پنجم
تصنیف	ــــــــ	شیخ الاسلام امام احمد رضا قادری بریلوی قدس سرہ العزیز
ترجمہ عربی عبارات	ــــــــ	(۱) حضرت علامہ صاحبزادہ قاضی عبدالدائم دائم، ہری پور ہزارہ
		(۲) حضرت علامہ مفتی محمد خاں قادری، لاہور
پیش لفظ	ــــــــ	حافظ محمد عبدالستار سعیدی ناظم تعلیمات جامعہ نظامیہ، لاہور
تخریج و تصحیح	ــــــــ	(۱) مولانا نذیر احمد سعیدی (۲) مولانا محمد عمر ہزاروی
باہتمام و سرپرستی	ــــــــ	مولانا مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی ناظم اعلیٰ تنظیم المدارس اہلسنّت پاکستان
ترتیب فہرست	ــــــــ	حافظ محمد عبدالستار سعیدی
کتابت	ــــــــ	محمد شریف گل کریال کلاں (گوجرانوالہ)
پروف ریڈنگ	ــــــــ	مولانا سردار احمد حسن سعیدی
پیسٹنگ	ــــــــ	مولانا محمد یٰسین قادری شطاری
صفحات	ــــــــ	۶۹۲
اشاعت	ــــــــ	ربیع الاول ۱۴۱۴ھ / ستمبر ۱۹۹۳ء
مطبع	ــــــــ	یوسف عمر پرنٹرز 12 اندرون بھاٹی گیٹ لاہور
ناشر	ــــــــ	رضا فاؤنڈیشن جامعہ نظامیہ اندرون لوہاری دروازہ، لاہور
قیمت	ــــــــ	روپے

ملنے کے پتے

- رضا فاؤنڈیشن، جامعہ نظامیہ رضویہ، اندرون لوہاری دروازہ، لاہور
  ۷۶۶۵۷۷۲ ۳۰۰/۹۴۱۵۳۰۰
- مکتبہ اہلسنت جامعہ نظامیہ رضویہ، اندرون لوہاری دروازہ، لاہور
- ضیاء القرآن پبلیکیشنز، گنج بخش روڈ، لاہور
- شبیر برادرز، ۴۰ بی، اردو بازار، لاہور

وکمال الائك ووفور نعمائك صل وسلم وبارك علی اکرم انبیائك محمد و اٰله وسائر اصفیائك اٰمین۔

مولانا قدس سرہٗ ان نفائس عزیزہ کو بیان کرکے فرماتے ہیں:

انظر ما ادق نظر ائمتنا حیث لا تفوت عنھم دقیقة[1]

دیکھ تو ہمارے ائمہ کرام رضی اللہ تعالٰی عنہم کی نظر کیسی دقیق ہے کہ کوئی دقیقہ ان سے فروگزاشت نہیں ہوتا۔ (ت)

فقیر کہتا ہے ہاں واللہ آپ کے ائمہ اور کیا جانا کیسے ائمہ ما لکان ازمہ وکاشفان غُمہ ایسے ہی دقیق النظر و عالی مدارک و شاہان بزم و شیران معارک ہیں کہ منازل دقیق اجتہاد میں اوروں کے مساعی جمیلہ اُن کے توسن تیز رفتار کی گرد کو نہ پہنچے اور کیوں نہ ہو کہ آخر وہ وہی ہیں کہ اگر ایمان وعلم ثریا پر معلق ہوتا لے آتے آج کل کے کوران بے بصر اُن کے معارج علیہ سے بے خبر، اگر آئینۂ عالمتاب میں اپنا منہ دیکھ کر طعن و تشنیع سے پیش آئیں کیا کیجئے ؎

مہ فشاند نور و سگ عوعو کند
ہر کسے بر خلقت خود مے تند

(چاند روشنی پھیلاتا ہے اور کتّا بھونکتا ہے ہر کوئی اپنی فطرت کے مطابق چلتا ہے)

ان حضرات کی طویل وعریض بدزبانیوں کا نمونہ یہیں دیکھ لیجئے مسئلہ جمع میں مُلّا جی کے دعوے تھے کہ وہ دلائل قطعیہ سے ثابت ہے اور اُس کا خلاف کسی حدیث سے ثابت نہیں نہ جمع صوری پر اصلاً کوئی دلیل حنفیہ کے پاس ہے

اب بحول وقوت رب قدیر سب اہل انصاف نے دیکھ لیا کہ کس ہستی پر یہ لن ترانی کس برتے پر تتا پانی ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

ثانیاً اقول وباللہ التوفیق اگر نظر تتبع کو رخصت جولاں دیجئے تو بعونہٖ تعالٰی واضح ہو کہ یہ جواب علما محض تنزلی تھا ورنہ اسی حدیث میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالٰی عنہ جمع عرفات بھی ذکر فرما چکے، یہی حدیث سُنن نسائی کتاب المناسک باب الجمع بین الظہر والعصر بعرفہ میں یوں ہے:

اخبرنا اسمٰعیل بن مسعود عن خالد عن شعبة عن سلیمٰن عن عمارة بن عمیر عن عبد الرحمٰن بن یزید عن عبد اللہ رضی اللہ تعالٰی عنہ قال: کان رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم یصلی الصلٰوۃ لوقتھا الا بجمع فی مزدلفة وعرفات[2]۔

ہمیں خبر دی اسمٰعیل بن مسعود نے خالد سے شعبہ سے عمارہ بن عمیر سے عبدالرحمٰن بن یزید سے کہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالٰی عنہ نے فرمایا: نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم ہر نماز اس کے وقت ہی میں پڑھتے تھے مگر مزدلفہ وعرفات میں۔

---

[1] ارکان اربعہ بحر العلوم تتمہ فی الجمع بین الصلوٰتین مطبوعہ مطبع علوی انڈیا ص ۱۴۸

[2] النسائی کتاب الجمع بین الظہر والعصر بعرفۃ مکتبہ سلفیہ لاہور ۲/۳۹